گندی امّی

اُجلی اُجلی باتوں والا
چھوٹے چھوٹے ہاتھوں والا
اک شہزادہ
چھوٹی چھوٹی باتوں والی
اُجلے اُجلے ہاتھوں والی اک شہزادی
چور دریچوں اور دروازوں والے کمرے
ایسے کتنے کمروں والی محل سرائیں
محل سراؤں کے کمروں میں
بھوت پریتوں والے کھیل
بھوت پریتوں کے کھیلوں میں
ساری بھوبل جیسی باتیں

جتنے سال اور جتنی صدیاں
ان سے زیادہ دن اور راتیں
جتنے سُوکھے رُوکھے موسم
ان سے تھوڑی کم برساتیں---
رونے والی کالی بلی کیا کہتی ہے
رات کی رانی دن کو کس کی رہ تکتی ہے
رہداری میں کھڑے سپاہی کی ٹوپی میں کس کا سر ہے
تہہ خانوں میں ٹپ ٹپ کرتے کس کے تازہ خون کے قطرے
ہرے درختوں میں کس کی دو کالی آنکھیں
پتوں کی چرمر پر کس کا کالا پاؤں
پانی کے تالاب میں کتنے کالے پتھر
اک کالے پتھر کے اندر کالا موتی
کالا موتی ڈھونڈ رہی ہے
چھوٹی چھوٹی باتوں والی
اُجلے اُجلے ہاتھوں والی
اک شہزادی

کالے پتھر پر بیٹھا ہے
اُجلی اُجلی باتوں والا
چھوٹے چھوٹے ہاتھوں والا
اک شہزادہ

گندی امّی
بور کہانی
ہم نہیں سُنتے